حکومتِ پاکستان

ریونیو ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، 05 اگست، 2026

نوٹیفکیشن

SRO 1286(1)/2026۔ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (XLIX of 2001) کی دفعہ 133 A کی ذیلی دفعہ (4) کو دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (1) کے ساتھ ملا کر پڑھے جانے کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو اس امر کی ہدایت کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے کہ انکم ٹیکس قواعد، 2002 میں مزید حسبِ ذیل ترامیم کی جائیں، جن کا مسودہ مذکورہ دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (3) کے تقاضے کے مطابق پہلے ہی مورخہ 30 جولائی، 2026 کے نوٹیفکیشن نمبر S.R.O. 1239(I)/2026 کے ذریعے شائع کیا جا چکا ہے، یعنی:-

مذکورہ قواعد کے قاعدہ 231 CB کی ذیلی قاعدہ (3) میں:-

(i) کمیٹی نمبر 1 میں، جدول میں، سیریل نمبر 1، 2 اور 3 کے بالمقابل، کالم (4) کے پیرا گراف (iv) میں، CTO"اسلام آباد "کے الفاظ حذف کر دیے جائیں گے؛

(ii) کمیٹی نمبر 2 میں، جدول میں، سیریل نمبر 1، 2 اور 3 کے بالمقابل، کالم (4) کے پیرا گراف (iv) میں، RTO"لاہور "کے الفاظ کی جگہ RTO-I" لاہور RTO-II لاہور" کے الفاظ درج کئے جائیں گے؛ اور

(iii) کمیٹی نمبر 3 میں، جدول میں، سیریل نمبر 1، 2 اور 3 کے بالمقابل، کالم (4) کے پیرا گراف (iv) میں، CTO"کراچی "کے الفاظ کی جگہ CTO-I" کراچی CTO-II کراچی "کے الفاظ درج کئے جائیں گے۔

[F.No.1 (2)R&S/2026]

(محمد امین قریشی)

سیکرٹری (قواعد اینڈ ایس آر اوز)